# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 26 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

- مہایوتی کی حلیف جماعتوں کے درمیان 277 نشستوں کی تقسیم پر اتفاق رائے؛ مہاوِکاس آگھاڑی کی تینوں اہم پارٹیاں فی کس 90 نشستوں پر الیکشن لڑیں گی۔
- اسمبلی انتخابات کے کاغذات نامزدگی ادخال کے چوتھے دِن تک 1991 امیدواروں کی جانب سے ایک ہزار 292 درخواستیں جمع۔
- ناندیڑ کے سابق رکنِ پارلیمان پرتاپ پاٹل چکھلیکر کی راشٹروادی کانگریس پارٹی میں شمولیت؛ لوہا اسمبلی حلقے سے امیدوار ہوں گے۔
- پربھنی میں اعضاء کے عطیے کا اوّلین عملی تجربہ کامیابی سے مکمل۔

**اور**

- پونے کرکٹ ٹیسٹ میں بھی بھارتی بلے بازوں کی مایوس کُن کارکردگی۔ نیوزی لینڈ کو دوسری اننگ میں 301 رنز کی برتری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مہایوتی میں 277 نشستوں کی تقسیم پر اتفاق رائے ہوگیا ہے اور اسمبلی کی بقیہ نشستوں پر آئندہ دو دنوں میں فیصلہ کرلیا جائے گا۔ بی جے پی کے ریاستی صدر چندرشیکھر باونکولے نے کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ پارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی منظوری کے بعد امیدواروں کی دوسری اور تیسری فہرست ظاہر کی جائے گی۔ لہٰذا خواہشمند امیدوار تب تک امیدواری پرچے داخل نہ کریں۔

دریں اثنا، باونکولے نے بتایا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی ریاست میں تقریباً 13 مقامات پر انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ ان میں فی الحال ممبئی، نئی ممبئی، گوندیا، آکولہ، ناندیڑ اور دھولیہ میں جلسۂ عام کو قطعیت دی جا چکی ہے اور باقی مقامات کا اعلان بھی جلد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

مہاوِکاس اگھاڑی کی تینوں اہم پارٹیاں فی کس 90-90 یعنی 270 نشستوں پر انتخاب لڑیں گی اور بقیہ 18 نشستیں دیگر حلیف جماعتوں کو دی جائیں گی۔ اسمبلی میں پارٹی کے رہنما' بالا صاحب تھورات نے کل یہ جانکاری دی۔

دریں اثنا، بی جے پی سے مستعفی ہونے کے بعد بھی کانگریس میں شمولیت اختیار نہ کرنے والے راجندر گاوِت کو کانگریس نے شہادا سے امیدواری دی ہے۔ جس کے بعد نندوربار میں کانگریس کارکنان میں ناراضگی ہونے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ کانگریس کے پانچ خواہشمند امیدواروں نے کل ایک صحافتی کانفرنس میں گاوِت کی امیدواری کے خلاف اپنی ناراضگی کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی ادخال کے چوتھے دن تک 991 امیدواروں نے ایک ہزار 292 امیدواری پرچے داخل کیے گئے ہیں۔ چیف الیکشن افسر کے دفتر سے یہ معلومات دی گئی۔

مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں، اورنگ آباد مغربی حلقے سے مہایوتی کے شیوسینا امیدوار سنجے شرساٹ، اور اورنگ آباد مشرقی حلقے سے بی جے پی کے اتل ساوے نے اپنے امیدواری پرچے داخل کیے۔

دریں اثنا، مجلس اتحاد المسلمین کی جانب سے اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقے سے کل ناصر صدیقی کو امیدواری دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

جالنا ضلعے میں بدنا پور سے مہاوکاس اگھاڑی کے ببلو چودھری اور بھوکردن سے مہاوکاس اگھاڑی کے چندر کانت دانوے نے درخواستِ نامزدگی داخل کی۔ گھن ساونگی حلقے میں بھی کل 11 امیدواروں نے کاغذاتِ نامزدگی جمع کروائے۔

ہنگولی ضلعے میں کل 17 خواہشمندوں نے نامزدگی پرچے داخل کیے۔ ان میں کلمنوری سے بی ایس پی کی وجئے مانیکا بلکھنڈے، ونچیت بہوجن آگھاڑی کے دلیپ تاتے راؤ مسکے، اور ہنگولی سے تاناجی مٹکڑے سمیت آٹھ امیدواروں کی گیارہ درخواستیں شامل ہیں۔

پربھنی ضلعے میں کل چھ امیدواروں نے اپنی درخواستیں داخل کیں‘ جبکہ بیڑ ضلعے میں کل 43 امیدواروں نے 47 درخواستیں جمع کیں۔

جبکہ ناندیڑ ضلعے کے مختلف انتخابی حلقوں سے کل 22 درخواستیں داخل کی گئیں، جن میں کنوٹ اور دیگلور سے پانچ، جنوبی ناندیڑ، بھوکر، نائیگاؤں اور حدگاؤں سے تین، تین اور لوہا حلقہ سے دو امیدواری پرچے شامل ہیں۔ ناندیڑ پارلیمانی حلقے کے ضمنی انتخاب کیلئے اب تک سات امیدواری درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔

لاتور ضلعے کے چھ اسمبلی حلقوں میں کل 42 امیدواروں نے 55 پرچے داخل کئے۔ ان میں اوسہ اسمبلی حلقے سے مہایوتی کے بی جے پی سے نامزد امیدوار ابھیمنیو پوار بھی شامل ہیں۔

دھاراشیو ضلعے کے چار اسمبلی حلقوں میں کل 12 امیدواروں نے 12 درخواستیں داخل کیں۔ ان میں عثمان آباد حلقے سے کانگریس کے پانڈورنگ کمبھار، شیوسینا کے وینکٹ گُنڈ، بی ایس پی کے لہو کھنے سمیت دو آزاد امیدوار جبکہ تلجاپور حلقے سے تین اور پرانڈا حلقے سے راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے راہل موٹے کی درخواست شامل ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

ناندیڑ کے سابق رکنِ پارلیمان پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے کل راشٹروادی کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ پارٹی سربراہ‘ اجیت پوار اور ریاستی صدر سنیل تٹکرے کی موجودگی میں ممبئی میں شمولیت کا پروگرام منعقد ہوا۔ کانگریس کے رکنِ اسمبلی‘ ذیشان صدیقی بھی اس موقع پر راشٹروادی کانگریس میں شامل ہوگئے۔

اسی دوران راشٹروادی کانگریس کی جانب سے کل سات امیدواروں کی دوسری فہرست کا اعلان کیا گیا۔ ان میں ناندیڑ ضلعے کے لوہا حلقے سے پرتاپ پاٹل چکھلیکر کو، ممبئی کے واندرے مشرقی حلقے سے ذیشان صدیقی، سابق وزیر نواب ملک کی بیٹی ثنا ملک کو انوشکتی نگر سے، نشی کانت پاٹل کو اسلام پور سے، تاس گاؤں کوٹھے مہانکال سے سنجے پاٹل، وڈگاؤں شیری سے سنیل ٹِنگرے اور شرور حلقے سے گیانیشور کٹکے کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا نے کل اسمبلی انتخابات کیلئے پانچ امیدواروں کی چوتھی فہرست کا اعلان کیا ہے۔اس میں بیڑ ضلعے کے کیج حلقے سے رمیش گال پھاڑے کو انتخابی میدان میں اتارا گیا ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر سوراجیہ پارٹی کے انکش کدم نے کل نئی ممبئی کے ایرولی اسمبلی حلقہ سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔سابق رکنِ پارلیمان سمبھاجی راجے چھترپتی کی قائم کردہ پارٹی سے امیدواری پانے والے کدم اب تک واحد امیدوار ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے موقعے پر ''آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھانچا'' پروگرام روزانہ شام سات بجکر دس منٹ پر آ کاشوانی سے نشر کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے آج کے نشریے میں ممبئی کے مضافاتی اضلاع کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع میں اعضاء کے عطیہ کا پہلا عمل کل کامیابی سے مکمل ہوا۔جنتور کے رہائشی 18 سالہ سارتھک نولے کو ڈاکٹروں کی جانب سے برین ڈیڈ قرار دیے جانے کے بعد، اس کے والدین نے اس کے جسمانی اعضاء ضرورت مند مریضوں کو عطیہ کرنے کا فیصلہ کیا۔جس کے بعد کل صبح ایک طبّی دستہ کی معرفت سارتھک کا ایک گردہ اور جگر چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک مریض کو دیا گیا۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان پونے میں کھیلے جا رہے دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے پانچ وکٹوں پر 198 رنز بنائے ہیں۔ بھارتی بلے بازوں نے گزشتہ روز بھی مایوس کُن مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 156 رنز اسکور کیے۔جس کے بعد نیوزی لینڈ کو اس ٹیسٹ میں اب تک مجموعی طور پر 301 رنز کی برتری حاصل ہو چکی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر نتائج کے رجحان یعنی ایکزٹ پول کے نشریے پر 13 نومبر کی صبح سات بجے سے 20 نومبر کی شام چھ بجے تک پابندی عائد کر دی ہے۔ یہ حکم ریاستی حکومت کے گیزیٹ میں شائع کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے آئندہ 20 نومبر کو اسمبلی انتخابات کیلئے رائے دہی کی چھٹی کا اعلان کیا ہے۔تمام نجی اور صنعتی مراکز اس دِن ملازمین کو یومیہ اُجرت کے ساتھ چھٹی کا اعلان کریں اور اگر چھٹی دینا ممکن نہ ہو تو ضلع کلکٹر سے اجازت حاصل کر کے کم از کم دو گھنٹے تاخیر سے آنے یا جلدی جانے کی سہولت فراہم کریں۔حکومت کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں اس طرح کی وضاحت کی گئی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر کل پونے میں ناکہ بندی کے دوران ایک گاڑی سے 138 کروڑ روپئے کا سونا ضبط کیا گیا۔تاہم یہ گاڑی سونے کی باقاعدہ حمل و نقل کرنے والی سکویل سکیوئر کمپنی کی ہونے کا انکشاف ہوا۔

***** ***** *****

ہنگولی کے بس اسٹینڈ علاقے میں کل مقامی کرائم برانچ دستے نے دو گاڑیوں میں سے ایک کروڑ 40 لاکھ روپئوں کی نقد رقم ضبط کی۔اس معاملے میں مزید تحقیقات جاری ہے۔

***** ***** *****

رائے دہی فیصد میں اضافے کیلئے انتظامیہ کی جانب سے مختلف اقدامات وسرگرمیاں چلائی جارہی ہیں۔ اسی کے ایک حصے کے طور پر کل لاتور شہر میں بیداریِ رائے دہندگان کیلئے دَیانند کالج میں ''کافی وِتھ کلکٹر'' یعنی کلکٹر کے ہمراہ کافی پروگرام منعقد ہوا۔ ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے اس پروگرام میں نوجوان رائے دہندگان سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- مہایوتی کی حلیف جماعتوں کے درمیان 277 نشستوں کی تقسیم پر اتفاق رائے؛ مہاوِکاس آگھاڑی کی تینوں اہم پارٹیاں فی کس 90 نشستوں پر الیکشن لڑیں گی۔
- اسمبلی انتخابات کے کاغذات نامزدگی ادخال کے چوتھے دِن تک 1991 امیدواروں کی جانب سے ایک ہزار 292 درخواستیں جمع۔
- ناندیڑ کے سابق رکنِ پارلیمان پرتاپ پاٹل چکھلیکر کی راشٹروادی کانگریس پارٹی میں شمولیت؛ لوہا اسمبلی حلقے سے امیدوار ہوں گے۔
- پربھنی میں اعضاء کے عطیے کا اوّلین عملی تجربہ کامیابی سے مکمل۔

اور

- پونے کرکٹ ٹیسٹ میں بھی بھارتی بلے بازوں کی مایوس کُن کارکردگی۔ نیوزی لینڈ کو دوسری اننگ میں 301 رنز کی برتری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****